2021年12月15日ジャング紙ラーワルピンディー版6面

کراچی میں آئی ٹی پارک کا قیام

اداریہ

دسمبر ، 2021 15

یہ بات نوشتۂ دیوار ہے کہ مستقبل صرف اسی ملک کا ہو گا جو جدید ترین ٹیکنالوجی کا ماہر ،تخلیق کار اور برآمد کنندہ ہو گا، افسوس ہم نے اس پر بر وقت توجہ نہ دی۔ خیر، دیر آید درست آید کے مصداق خوش کن امر یہ کہ حکومت نے ملک کے سب سے بڑے شہر کراچی میں انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) پارک بنانے کے منصوبے پر کام کا آغاز کر دیا ہے۔ سرکاری خبر رساں ادارے، اے پی پی کے مطابق کراچی ایئرپورٹ کے قریب بنایا جانے والا آئی ٹی پارک ایک لاکھ مربع میٹر سے زائد کے رقبے پر بنایا جائے گا، یہ ایک کثیر منزلہ عمارت پر مشتمل ایک ایسا منصوبہ ہوگا، جس سے 8 ہزار افراد کو روزگار میسر ہوگا۔ مذکورہ آئی ٹی پارک میں مختلف آئی ٹی کمپنیز کے دفاتر سمیت آئی ٹی سیکٹر میں تعاون کرنے والے اداروں کے آفس بھی ہوں گے، مذکورہ سینٹر ملک بھر کے اداروں اور شہروں کو آئی ٹی سیکٹر میں معاونت اور مدد فراہم کرنے سمیت آئی ٹی سے متعلق منصوبے کی نگرانی اور تیاری میں بھی اہم کردار ادا کرے گا۔ کراچی کے بعد کوئٹہ، گوادر، سکھر، حیدرآباد، فیصل آباد، بنوں، سوات اور مردان میں بھی ایسے ہی آئی ٹی پارک بنائے جائیں گے۔پاکستان مذکورہ آئی ٹی پارک کو جنوبی کوریا سمیت دیگر ممالک کی معاونت سے مکمل کرے گا۔ آئی ٹی کی اہمیت کا اندازہ کرنے کیلئے پورے بھارت کیا اس کے ایک شہر بنگلورکی مثال کافی ہے اس شہر کو انفارمیشن ٹیکنالوجی کی برآمد میں بنیادی کردار پر بھارت کا سلیکون ویلی کہا جاتا ہے کہ بھارت کی مجموعی جی ڈی پی میں اس کا تعاون سب سے زیادہ ہے۔ یاد رہے کہ بھارت میں ایسے قریباً 35 شہر پچھلی کم و بیش تین دہائیوں سے سرگرم عمل ہیں اور بھارت صرف آئی ٹی کی برآمد سے سالانہ پاکستان کے مجموعی قرض سے زیادہ کماتا ہے۔ ہمیں اس میدان میں بھی بھارت سے مقابلہ کرنا چاہیے کہ ایسے مثبت مقابلے سے بہر طور ہمارا ہی فائدہ ہو گا، حکومتی اقدام قابلِ داد ہے، اسے اب اپنی معاشی سمت درست کرنے کیلئے ہر میدان میں ایسے ہی اہم فیصلے کرنا ہوں گے۔